# 14-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیر مال پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کلکٹروں سے کہا ہے کہ وہ چوکس رہیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ شدید بارش سے عام زندگی درہم برہم نہ ہو۔

۲۔ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ اے پی ایچ ایم ای ایل کمپنی کی ترقی اس کے ملازمین کی محنت اور ان کی دوراندیشی پر منحصر ہوگی۔

۳۔موٹر سائیکلوں، سکوٹروں، کاروں اور دیگر موٹر گاڑیوں کیلئے نظر ثانی شدہ ٹیکس پر آج سے عمل آوری شروع ہوگئی۔

اور

۴۔تلنگانہ کے اضلاع جگتیال، جے شنکر بھوپال پلی، کریم نگر، محبوب آباد، منچریال، ملگ، نرمل، نظام آباد اور پدا پلی میں آج اور کل شدید تا انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔

RAINS:

وقارآباد ضلع میں بعض مقامات پر آج کی ابتدائی ساعتوں میں زلزلے کے ہلکی جھٹکے محسوس کئے گئے۔ صبح تقریباً 3 بجکر 45 منٹ پر قطب اللہ پور، باسی ریڈی پلی، رنگاپور، نعمت نگر، پرگی اور دیگر علاقوں میں 3.1 کی شدت کا زلزلہ محسوس کیا گیا۔ نیشنل سنٹر فار سسمولوجی نے اِس زلزلہ کو ریکارڈ کیا۔ اس کا مبدا قطب اللہ پور گاؤں کے کھیتوں میں تھا اور اس کی گہرائی 10 کلومیٹر تھی۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ کسی بھی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع نہیں ہے۔ کئی علاقوں کے عوام نے کہا کہ انہوں نے چند سکنڈ تک جھٹکے محسوس کئے۔ اِس دوران وقارآباد ضلع میں شدید بارش سے کپاس کے کئی کھیت زیرآب آگئے۔ ندیاں اور نالے لبریز ہوگئے اور بعض تالابوں میں شگاف پڑ گئے۔ مختلف دیہاتوں کو سڑک کا رابطہ منقطع ہوگیا۔ ضلع کلکٹر پرتی جین نے سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کے ساتھ مل کر متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔

SOUND BYTE

ضلع میں ہو رہی بارش سے عام زندگی درہم برہم ہوگئی۔

BHATTI:

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ آندھراپردیش ہیوی مشنری اینڈ انجینئرنگ لمیٹڈ (اے پی ایچ ایم ای ایل) کمپنی کی ترقی اس کے ملازمین کی محنت اوران کی دوراندیشی پر منحصر ہوگی۔انہوں نے کہا کہ سنگارینی کالریز لمیٹڈ کی ماتحت کمپنی اے پی ایچ ایم ای ایل کو چاہیئے کہ وہ سنگارینی کالریز کی مشینوں کی تیاری اورمرمت سے آگے بڑھ کراپنے کاروبار کو پھیلائے۔وجئے واڑہ کے قریب ابراہیم پٹنم میں ڈپٹی چیف منسٹر نے سنگارینی کے سی ایم ڈی این بلرام کے ساتھ مل کراے پی ایچ ایم ای ایل یونٹ کا دورہ کیا۔ڈپٹی چیف منسٹر نے ملازمین کے ساتھ تبادلہ خیال کیا اور کمپنی کا مشاہدہ کیا۔انہوں نے کہا کہ اِس کمپنی میں نئی صنعتوں کیلئے کَل پرزے بنانے اور پرانے پرزوں کی مرمت کرنے کے لئے غیر معمولی مشنری اورانسانی وسائل مربوط ہیں۔بھٹی وکرامارکہ نے اعلان کیا کہ اس کمپنی کی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کے لئے اوراس کی ترقی کیلئے اقدامات تجویز کرنے جلد ہی ایک کنسلٹنسی مقرر کی جائے گی۔

KISHAN:

کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے گزشتہ دودن سے تلنگانہ میں جاری بارش سے عوام کو پیش آرہی مشکلات پر تشویش کا اظہار کیا۔انہوں نے ایک بیان میں کہا کہ بی جے پی کے ورکرس بھی متاثرہ افراد کی مدد کررہے ہیں۔انہوں نے ریاستی حکومت پرزور دیا کہ وہ سیلاب سے متاثرہ افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کرے اور انہیں ویزا اور دیگراشیاء کی فراہمی یقینی بنائے اورراحت کاری کی نگرانی کے لئے اعلیٰ عہدیداروں کو متعین کرے۔

FISH

تلنگانہ فشریز کے چیرمین مٹوسائی کمار نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت نے سال 2025-26ء کیلئے چھوٹی مچھلیوں کی تقسیم کی اسکیم پر عمل آوری کو منظوری دی ہے۔حکومت نے 122 کروڑ روپے کی لاگت سے 90 کروڑ چھوٹی مچھلیوں کی خریدی اور تقسیم کو منظوری دی ہے۔اس سلسلہ میں کل احکامات جاری کیئے گیے۔گزشتہ کئی سال سے اس اسکیم پر عمل آوری کی جارہی ہے۔اس کا مقصد مچھلی کی پیدوار کو فروغ دینا اورریاست بھر میں ماہی گیروں کے روزگار کو بڑھانا ہے۔ایک سرکاری بیان میں کہا گیا کہ فشریز محکمہ آئندہ مہینہ ٹنڈرس طلب کرے گا اور انہیں 15 ستمبر تک قطعیت دی جائے گی۔

RAIN RELIEF:

وزیر مال پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے آج چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ کے ہمراہ ضلع کلکٹروں کے ساتھ ایک ویڈیو کانفرنس منعقد کی اور ریاست بھر میں بارش سے پیدا صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ راحت کاری کیلئے ہر ضلع کو ایک کروڑ روپے جاری کئے گئے ہیں ۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ جانی اور مالی نقصان کو روکنے کے لئے تمام احتیاطی اقدامات کریں ۔ جو عہدیدار اور ملازمین رخصت پر ہیں انہیں فوری کام پر رجوع ہونے کی ہدایت دی گئی ہے۔ آئندہ تین دن تک شدید بارش کی پیش قیاسی کے پیش نظر کلکٹروں سے کہا گیا کہ وہ چوکس رہیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ عام زندگی درہم برہم نہ ہو۔ نشیبی اور ان علاقوں پر توجہ دینے کی ہدایت دی گئی جہاں سیلاب کا خطرہ ہے۔ وزیر مال نے گریٹر حیدرآباد میں جی ایچ ایم سی، میٹرو واٹر بورڈ اور ٹرافک محکموں کے درمیان تال میال کی ضرورت پر زور دیا تاکہ عوام کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

JYOTI YATRA

سری پرمبدور میں شروع ہونے والی سالانہ راجیو جیوتی یاترا آج حیدرآباد پہنچی۔ یہ یاترا 20 اگست کو سابق وزیراعظم راجیو گاندھی کی یوم پیدائش کے موقع پر دہلی میں اختتام کو پہنچے گا۔ ٹی پی سی سی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے آج گاندھی بھون میں یاترا کا شاندار خیر مقدم کیا۔ ڈی سی سی صدر روہن ریڈی، فشریز کارپوریشن کے چیرمین میٹوسائی کمار، پارٹی کی نامپلی ڈویژن کے انچارج فیروز خان، جنرل سکریٹری الم بھاسکر اور دیگر کئی قائدین اور کارکنوں نے اس پروگرام میں شرکت کی اور راجیو گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا۔

WEATHER:

تلنگانہ کے اضلاع جگتیال، جے شنکر بھوپال پلی، کریم نگر، محبوب آباد، منچریال، ملگ، نرمل، نظام آباد اور پداپلی میں آج اور کل شدید تا انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔ اِن اضلاع کیلئے آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اسی طرح عادل آباد، بھدرادری کوتہ گوڑم، ہنمکنڈہ، حیدرآباد، جنگاؤں، کاماریڈی، کھمم، کمرم بھیم آصف آباد، میدک، میڑچل ملکاجگری، راجنا سرسلہ، رنگاریڈی، سنگاریڈی، وقارآباد اور ورنگل اضلاع میں اکادوکا مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔ ان اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ دفتر موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ تمام اضلاع میں اکادوکا مقامات پر گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

GUEST

حکومت نے کل دہلی میں لال قلعہ پر یوم آزادی کی تقریب کے مشاہدہ کیلئے نیشنل ایس سی ایس ٹی ہب اسکیم کے تحت 100 استفادہ کنندگان اوران کے شرکائے حیات کوخصوصی مہمانوں کے طور پر مدعو کیا ہے۔ یہ استفادہ کنندگان دیہی اورشہری علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ وہ مختلف ریاستوں کی نمائندگی کرتے ہیں جن میں شمال مشرقی ریاستیں اور 6 مرکزی علاقے شامل ہیں۔ مہمانانِ خصوصی کے اعزاز میں مرکزی وزراوزیر جتن رام مانجھی اورشوبھا کراندلاجی کل یوم آزادی کے موقع پر دوپہر کے کھانے کی میزبانی کریں گے۔

POLICE MEDALS:

یوم آزادی کے موقع پر پولیس، فائر، ہوم گارڈ، سیول ڈیفنس اورکرکشنل سرویس کے تقریباً 1090 ملازمین کو بہادری اورنمایاں خدمات کے اعزازات پیش کئے گئے۔ وزارتِ داخلہ نے بتایا کہ 233 ملازمین کو بہادری کے میڈلس دئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ 99 ملازمین کونمایاں خدمات کیلئے پریسڈنٹس میڈل پیش کئے جائیں گے اور 758 ملازمین کوممتاز خدمات کیلئے میڈلس دئے جائیں گے۔

TAXES

موٹرسائیکلوں، سکوٹروں، کاروں اور دیگر موٹر گاڑیوں کیلئے نظرثانی شدہ ٹیکس پر آج سے عمل آوری شروع ہوگئی۔ نئے ڈھانچہ کے تحت گاڑیوں کی قیمت اوران کی عمر کی بنیاد پر ٹیکس میں اضافہ کیا گیا ہے۔ نئی موٹرسائیکلوں پر 9 تا 18 فیصد کا لائف ٹیکس لاگو ہوگا۔ کاروں اور جیپوں جیسی غیرٹرانسپورٹ گاڑیوں پر 13 تا 21 فیصد کا ٹیکس عائد کیا جائے گا۔ ریاستی حکومت نے تلنگانہ موٹروہیکلس ٹیکسیشن ایکٹ کے تحت لائف ٹیکس میں اضافہ کیا ہے۔